آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں محمود احمد خان

17/02/2026 07.40 PM(5 min)

ہیڈ لائنز

*........ وزیر اعظم نریندر مودی کی فرانس کے صدر Emmanuel Macron // کے ساتھ ملاقات باہمی مفادات کے کئی معاملات پر کیا تبادلہ خیال ۔

*........ جموں میں کچھ اہم شخصیات اور وفود لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقی ۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ماہِ رمضان کے دوران لوگوں کو ہر طرح کی سہولیات بہم رکھنے کی دی ہدایت۔

اور

*........ قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس جاری // حکومت نے کیا کئی ترقیاتی اقدامات کا خلاصہ ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ممبئی کے لوک بھون میں فرانس کے صدر Emmanuel Macron کے ساتھ ملاقات کر کے دفاع ، سکیورٹی ، تجارت اور ثقافت کے علاوہ باہمی مفادات کے کئی دیگر معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔ فرانسیسی صدر نے ہوٹل تاج محل Palace کے 11/26 دہشت گردانہ حملے میں شہید ہوئے افراد کو خراج عقیدت پیش کیا ۔ انہوننے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف کسی بھی طرح کی کاروائی میں فرانس بھارت کے ساتھ ہے ۔

ایل جی ملاقات

سابق وزیر آر ایس چب آج جموں میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقی ہوئے ۔ اس دوران نیشنل ٹریڈرس ویلفئیر بورڈ کے ممبر اور فیڈریشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری آف انڈیا کے قومی صدر ڈاکٹر سنجے بنسل کی قیادت میں تاجروں کے ایک وفد نے لیفٹننٹ گورنر کے ساتھ ملاقات کی ۔

وزیر اعلیٰ رمضان

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تمام محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ماہِ رمضان کے دوران لوگوں کو ضروری سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لئے مناسب اقدامات کریں ۔ انہوں نے آج سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران ماہ رمضان کے ایام میں بجلی اور پینے کے پانی کی معقول سپلائی کے علاوہ بازاروں میں ضروری اشیاءکی دستیابی کا جائزہ لیا ۔ اس سے پہلے سرینگر میں ایک تقریب کے حاشئے پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا ۔

وزیر اعلیٰ ورکشاپ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مختلف معاملات میں انصاف کی جلد اور بر وقت فراہمی کو یقینی بنانے سرینگر میں قانون و SKICC مہم کو وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ Tele Law میں کے موضوع پر منعقدہ علاقائی ورکشاپ سے Tele Law انصاف کی مرکزی وزارت کے اہتمام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ مہم عدالتوں کے کام کاج کو مزید آسان بنانے میں معاون ثابت ہو گی ۔

ورکشاپ سے قانون و انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال، جموں کشمیر و لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس ارن پلی اور مرکزی وزارت کے سیکریٹری نیرَج ورما نے بھی خطاب کیا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر کے 14 مزید سیاحتی مقامات کو سیاحوں اور عام لوگوں کے لئے کھولے جانے کے فیصلے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ انہوں نے یہ معاملہ وزیر داخلہ کے حالیہ جموں کشمیر دورے کے دوران ان کی نوٹس میں لایا تھا اور وزیر داخلہ نے اس پر مناسب کاروائی کا یقین دلایا تھا ۔

-----

کے تعلق سے وزیر اعلیٰ نے کہا ۔ Regularisation ڈیلی ویجروں کی

---

غلام علی کھٹانہ

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر انجینئر غلام علی کھٹانہ نے جموں کشمیر میں 14 سیاحتی مقامات کو دوبارہ کھولے جانے کے فیصلے کو تاریخی نوعیت کا قرار دیا ہے ۔ جموں میں ایک عوامی دربار کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں جموں کشمیر ترقی کی نئی راہ پر گامزن ہے ۔

عمران نبی ڈار

نیشنل کانفرنس کے ترجمان عمران نبی ڈار نے بھی 14 سیاحتی مقامات کو دو بارہ کھولے جانے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے سیاحتی صنعت کے لئے خوش آئند قرار دیا ہے ۔

غلام نبی لون ہانجورہ

پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی نے جموں کشمیر میں عارضی طور بند کئے گئے سیاحتی مقامات کو دوبارہ کھولے جانے کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے فیصلے کی سراہنا کی ہے ۔ پارٹی کے سینئر لیڈر غلام نبی لون ہانجورہ نے کہا ہے کہ اس فیصلے سے جہاں سیاحتی سرگرمیاں مزید فروغ پائیں گی وہیں صنعت سے جُڑے افراد کو بھی فائدہ ہو گا ۔

JDU

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بھی جموں کشمیر میں عارضی طور بند کئے گئے سیاحتی مقامات کو دوبارہ کھولنے کے ایل جی کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے ۔

*اب پیش ہیں جموں کشمیر کے ایوان اسمبلی سے اہم خبریں.......

اسمبلی

جموں میں اسمبلی کا بجٹ اجلاس جاری ہے ۔ اجلاس کی آج کی کاروائی کے دوران نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا کہ بانڈی پورہ ضلعے میں سال 2025 کے دوران قدرتی آفات کے نتیجے میں جن لوگوں کو فصلوں اور مویشیوں کے نقصان سے دو چار ہونا پڑا ان کے حق میں SDRF قواعد کے تحت 42 ہزار 250 روپے اور 84 ہزار روپے کی امدادی رقم واگزار کی گئی ہے ۔ وہ آج اسمبلی میں نظام الدین بٹ کے سوال کا جواب دے رہے تھے ۔

اننت ناگ ایسٹ رياض احمد خان کے سوال کا وزیر اعلیٰ کی جانب MLA وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے De-Notify سے جواب دیتے ہوئے کہا کہ سرکار کو سیر ہمدان میونسپل کمیٹی کو کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے ۔ ایم ایل اے پہلگام الطاف احمد وانی نے ضمنی سوال پوچھے ۔

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے ایوان کو مطلع کیا کہ کپواڑہ ضلعے کو لولاب -بنگس ڈیولپمنٹ ٹورازم ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے بطور کام Designated اتھارٹی کے دائرے میں لایا گیا ہے اور یہ ایک کر رہی ہے ۔ وزیر موصوف ایم ایل اے میر سیف اللہ کے سوال کا جواب دے رہے تھے ۔

اور ریگیولر تقرریوں کے نظام Contractual سرکار نے ایوان کو مطلع کیا کہ جموں کشمیر میں طریقہ کار اپنا یا ہے ۔ یہ بات وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے شگن پریہار Pro-Gender میں پرو لیبر اور کے سوال کے جواب میں کہی ۔ اس موقعہ پر آر ایس پٹھانیہ نے ضمنات ابھارے ۔

کابینہ وزیر جاوید احمد رانا نے وجے کمار کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے تحت بجلی میٹر نصب کئے جانے کا کام جاری RDSS ہیرا نگر کے تحت آنے والے علاقوں میں ہے ۔

دریں اثناءنائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے ایم ایل اے محمد یوسف تاریگامی کے سوال کا Seniority ، جواب دیتے ہوئے کہا کہ سرکار نے جموں کشمیر میں پی ایم پیکیج ملازمین کی سے جُڑے معاملات کو با ضابطہ بنانے کے لئے متحرک Posting اور Cadre Management رہنما خطوط جاری کئے ہیں ۔ نائب وزیر اعلیٰ / وزیر اعلیٰ کے بدلے اس سوال کا جواب دے رہے تھے ۔

جنگلات کے وزیر جاوید احمد رانا نے ایوان میں جانکاری دی کہ جموں کشمیر سرکار جنگلات ، جنگلی حیات اور ماحولیات کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے یوٹی اور مرکزی معاونت والی مختلف سکیمیں عملا رہی ہے ۔ وہ راجیو جسروٹیہ کے سوال کا جواب دے رہے تھے ۔

اسمبلی ماتمی قرار داد

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سابق ممبر پیرزادہ غلام احمد شاہ اور سابق ایم ایل سی برج موہن شرما کے فوت ہونے پر آج ایوان میں ماتمی قرار داد پیش کی گئی ۔ سپیکر عبد الرحیم راتھر نے دونوں سابق ممبران کی سیاسی و سماجی خدمات کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ۔ بعد میں ایوان میں فوت ہوئے دونوں ممبران کے حق میں دو منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی ۔

وحید الرحمان پرہ

پی ڈی پی لیڈر وحید الرحمان پرہ نے ہارٹیکلچر کو جموں کشمیر کی اقتصادیات کے لئے ریڑھ کی ہڈی قرار دیتے ہوئے اس سیکٹر کے مزید فروغ کے لئے مناسب اقدامات کئے جانے کا مطالبہ کیا ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ کشمیر کے سیب کی صنعت کو زوال پذیری سے بچانے کے لئے ایک لائحہ عمل ترتیب دینے کی خاطر کُل جماعتی میٹنگ منعقد کی جانی چاہئے ۔

نائب وزیر اعلیٰ

Other Construction نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے جے اینڈ کے بلڈنگ اینڈ Workers Welfare Board کو مزید متحرک بنانے کی ہدایت دی ہے تاکہ جموں کشمیر میں

ورکروں اور ان کے اہلِ خانہ کی فلاح و بہبود کو یقینی بنایا جا سکے ۔ جموں میں Construction آج ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران نائب وزیر اعلیٰ نے لیبر قوانین کی مکمل عمل آوری کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ۔

پریکھشا پے چرچا

وزیر اعظم نریندر مودی کی طرف سے جو ایک خاص اور منفرد پہل پریکھشا پے چرچا شروع کی گئی ہے اس کا مقصد طالب علموں ، والدین اور اساتذہ کے ساتھ براہ راست بات کر کے امتحانات سے جڑے دباو کو کم کرنا اور ایک مثبت ذہنیت کو فروغ دینا ہے ۔

پریکھشا پے چرچا کی اہمیت و افادیت کے بارے میں جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

*.......اب پیش ہیں منشیات کے خلاف پولیس اور دیگر عوام دوست سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں وادی کے ایک معروف گلو کار اور موسیقار اعجاز احمد خان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

جموں پولیس نشہ

Gharota منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کاروائیاں جاری رکھتے ہوئے جموں پولیس نے علاقے میں اجے کمار نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے ۔

اسی طرح کی کاروائیوں میں سانبہ پولیس نے وجے پور کے نزدیک سوما بی بی نامی ایک خاتون ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے ۔

ادھمپور میں پولیس نے شراب کا غیر قانونی کاروبار کرنے والے کالی داس نامی ایک شخص کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے شراب کی 39 بوتلیں ضبط کی ہیں ۔

پونچھ میں پولیس نے عام لوگوں میں منشیات کے استعمال کے مضر اثرات کے بارے میں جانکاری فراہم کرنے کے لئے ایک پروگرام منعقد کیا ۔

**کشمیر پولیس**

**کشمیر صوبے میں بھی منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس کی کاروائیاں جاری ہیں ۔ پولیس نے بارہمولہ ضلعے میں ایک کاروائی کے دوران پانچ ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشیات کی بھاری مقدار ضبط کی ہے ۔**

**مطالبہ**

**عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔**

***.......اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کے بیانات۔**

**نیشنل کانفرنس افسوس**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پارٹی کے ایم ایل اے پٹن جاوید ریاض بیدار کے چاچا اور جموں کشمیر پولیس کے سابق انسپکٹر جنرل محمد اشرف بیدار کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔**

**اس دوران پارٹی صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بلند پایہ ولی حضرت میاں بابا عبداللہ لاروی نقشبندی ؒ کے سالانہ عرس کے موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔**

**ست شرما**

**بی جے پی جموں کشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما کی صدارت میں آج ترکوٹہ نگر جموں میں پارٹی لیڈروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ میٹنگ کے دوران گرو روی داس جینتی کے سلسلے میں ایک ہفتے تک جاری رہنے والی تقریبات کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا ۔**

**جموں پولیس**

**سانبہ ضلعے کے پُر منڈل پولیس سٹیشن میں تھانہ دِوس کی مناسبت سے ایک تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت ضلعے کے ایس ایس پی نے کی ۔ پروگرام میں عام لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کر کے اپنے مسائل پولیس حکام کی نوٹس میں لائے ۔**

**اس دوران راجوری پولیس کے اہتمام سے منعقد ہوا ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹورنامنٹ اختتام پذیر ہو ا ہے ۔ٹورنامنٹ کے فائنل مقابلے میں کلیم کرکٹ کلب نے تھنہ منڈی سپورٹس کلب کو شکست دے کر ٹورنامنٹ اپنے نام کیا ۔ اس موقعہ پر ضلعے کے ایس ایس پی Gaurav Sikarwar نے فاتح اور رنر اَپ ٹیموں کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے ۔**

**مارکیٹ چیکنگ**

**ماہِ رمضان کی آمد کے پیش نظر پولیس نے سوپور میں بازاروں کے معائینے کے دوران ضروری اشیاءکی دستیابی اور نرخوں کی اعتدالی کا جائزہ لیا ۔ پولیس نے گاندربل میں بھی فوڈ سیفٹی اور محکمہ مال کے اہلکاروں کے ہمراہ ایسی ہی ایک کاروائی انجام دی ۔**

## فارِق بڈگامی

مرحوم فارِق بڈگامی کی 21 وی برسی کے سلسلے میں آج جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ Languages اور فارِق میموریل فاونڈیشن کے مشترکہ اہتمام سے سرینگر میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں کئی نامور قلمکاروں ، ادیبوں اور دانشوروں نے شرکت کی ۔ اس موقعہ پر مقررین نے مرحوم فارِق بڈگامی کی ادبی اور ثقافتی خدمات کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ۔

## ونٹر کارنوال

شوپیان ضلعے میں مغل روڑ پر واقع دوبجن علاقے میں آج ونٹر کارنوال کا دوسرا شمارہ منعقد ہوا ۔ ہمارے نمائندے جان نثار احمد کے مطابق کارنوال میں بڑی تعداد میں لوگوں اور سیاحوں نے شرکت کی جس کا افتتاح ڈپٹی کمشنر ششر گپتا نے کیا ۔ اس موقعہ پر ضلعے کے ایس ایس پی بھی موجودتھے ۔ کارنوال کے دوان سرمائی کھیلوں کے علاوہ دیگر کئی سرگرمیاں منعقد کی گئیں ۔

## دن

آج عالمی سطح پر سیاحتی شعبے کو دوام بخشنے کا دن منایا جا رہا ہے۔ اس دن ملک کے اقتصادی منظر نامے میں سیاحت کی اہمیت کو اُجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ سیاحتی مقامات نیز کلہم ماحولیاتی منظر نامے کو تحفظ دینے سے متعلق اقدامات کو اُجاگر کیا جا تا ہے۔

## اطلاع

سامعین!ہمارے خبروں کے بلٹینز کے حوالے سے ایک ضروری اطلاع:۔

ماہ رمضان کے دوران ہمارے یہاں سے نشر ہونے والا گوجری خبروں کا بلٹین شام 5بجکر50منٹ کے بجائے 5بجکر45منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

اسی طرح سے شام 6بجکر25منٹ پر نشر ہونے والا کشمیری خبروں کابلٹین اس ایک مہینے کے دوران شام 5بجکر55منٹ سے 6بجکر10منٹ تک نشر ہوا کرے گا۔

## BNP

بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی BNP نے آج طارق رحمن کو اپنا لیڈر منتخب کیا جس کے بعد انہیں ملک کے نئے وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف دلایا گیا ۔ Dhaka سے پرسار بھارتی کے نامہ نگار نول سَنگھ پرمار نے اطلاع دی ہے کہ صدر محمد شہاب الدین نے پارلیمنٹ کے ساوتھ پلازا میں طارق رحمان کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا ۔

## AI Impact Summit

نئی دلی کے بھارت منڈپم میں آج دوسرے روز India AI Impact Summit 2026 کے دوران اعلیٰ سطح کے پینل تبادلہ خیالات کا سلسلہ جاری رہے۔

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا کہ مصنوعی ذہانت پانچواں صنعتی انقلاب ہے۔ نئی دلی میں India AI Impact Summit 2026 کے دوسرے دن نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ کانفرنس، آبادی کے لحاظ سے بڑے مسائل کو حل کرنے کے ایک پلیٹ فارم کا کام انجام دے رہی ہے اور اس سلسلے میں نوجوانوں میں کافی جوش و خروش دیکھا جا رہا ہے۔

امپیکٹ ایکسپو 2026 خیالات، اختراع اور ارادے AI وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کا طاقتور امتزاج ہے۔

شیوراج سنگھ چوہان

زراعت اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج جے پور میں پورے ملک کے کسانوں کیلئے ’’بھارت وستار ‘‘کے نام سے ایک نئی ڈیجیٹل مہم کا آغاز کیا۔ اس پلیٹ فارم کے ذریعے کسانوں کو با اختیار بنانے کے علاوہ ضروری معلومات فراہم کی جائیں گی ۔ کسان اپنے موبائل فون سے ایک کال سے سبھی ضروری معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے تاہم بالائی علاقوں میں ہلکی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت18 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت صفر اعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت25اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر13منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر17منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ